A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

# ماڈل پیپر معاشرتی علوم گریڈ 8

## عمومی ہدایات

1) طلباء وطالبات سے گزارش ہے کہ معروضی سوالات کے لیے دی گئی کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ (وہ شیٹ جس پر سٹوڈنٹ معروضی سوالات کے صحیح جوابات پرنشان لگاتا ہے) پر **اپنا رول نمبر ہندسوں** میں ضرور لکھیں وگرنہ کمپیوٹر میں سٹوڈنٹ کے نمبر ٹرانسفر نہیں ہوسکیں گے۔

2) تمام سوالات کے جوابات دینا ضروری ہیں۔ جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھ لیجیے۔

3) **کسی سٹوڈنٹ کو امتحانی پرچہ کمرہ امتحان سے باہر لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔**

4) **حصہ الف (معروضی سوالات)** کے لیے کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ میں متعلقہ سوال کے سامنے دیئے گئے ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب کے خانہ میں سیاہ بال پوائنٹ سے نمایاں طور پر یہ نشان ☑ لگائیں۔ نشان خانے کے اندر ہی رہنا چاہیئے۔ اگر ایک نشان دو خانوں کو چھوئے گا یا ایک سے زیادہ خانوں پر علیحدہ علیحدہ نشان لگے ہوں گے یا دو خانوں کے درمیان نشان لگا ہوگا تو اس صورت میں کمپیوٹر میں سٹوڈنٹ کا صفر نمبر شمار ہوگا۔

5) کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ پر **انشائیہ طرز کے سوالات** کے سامنے بنے ہوئے خانوں میں **سٹوڈنٹ نے بالکل کچھ نہیں لکھنا نہ کوئی نشان لگانا ہے۔** ٹیچر نمبر لگا کر ان کے مطابق ان خانوں میں خود نشان لگائیں گے۔ معروضی سوال کی مثال درج ذیل ہے۔

مثال: 1۔ پاکستان کس سال بنا؟

(a) 1856 (b) 1905 (c) 1947 (d) 1927

جواب دینے کا صحیح طریقہ:

| | (a) | (b) | (c) | (d) |
|---|---|---|---|---|
| Q.1 | ☐ | ☐ | ☑ | ☐ |

## حصہ الف (کثیر الانتخابی سوالات)

**وقت:** 1:20 گھنٹہ

**ہدایت:۔ اس حصہ میں 40 کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں ہر سوال کے نمبر برابر ہیں اور ہر سوال کا جواب دینا لازمی ہے۔ صحیح جواب کا نشان کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ پر لگانا ضروری ہے۔**

Result.pk

**سوال نمبر 1- سمندر کی تہہ جو یکساں طور پر گہری نہیں ہے۔ جس میں جانوروں کی ہڈیاں اور گہرائی تین کلومیٹر سے زیادہ نہیں ہے وہ کہلاتی ہے۔**

(a) براعظمی ترائی (b) براعظمی ڈھلوان (c) سمندری میدان (d) سمندری گھاٹی

**سوال نمبر 2- "ہندو مسلم" اتحاد کے سفیر کا خطاب کس کو حاصل ہوا؟**

(a) سرسید احمد خان (b) علامہ اقبال (c) لیاقت علی خان (d) قائداعظم

**سوال نمبر 3- کل موسمی خطے ہیں۔**

(a) چار (b) پانچ (c) چھ (d) سات

**سوال نمبر 4- اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کا تقرر اور سیکورٹی کونسل کے غیر مستقل ممبران کے انتخاب کی ذمہ دار ہے۔**

(a) اقتصادی اور سماجی کونسل (b) تولیتی کونسل (c) جنرل اسمبلی (d) سلامتی کونسل

**سوال نمبر 5- پاکستان کے مسلمانوں کو اختیارات منتقل کیے۔**

(a) لارڈ ویول (b) لارڈ ماؤنٹ بیٹن (c) لارڈ میکالے (d) پیتھک لارنس

**سوال نمبر 6- بحر ہند کس کے جنوب میں واقع ہے؟**

(a) ایشیاء (b) امریکہ (c) افریقہ (d) کینیڈا

**سوال نمبر 7- خوراک اور تعلیم بہم پہنچانے کے ذمہ دار عالمی ادارہ کا نام ہے۔**

(a) یونیسکو (b) جنرل اسمبلی (c) سلامتی کونسل (d) یونیسف

سوال نمبر 8- تقسیم بنگال کی بڑی وجہ تھی

(a) سماجی (b) سیاسی (c) مالیاتی (d) تنظیمی

سوال نمبر 9- سکھر، لاڑکانہ اور نواب شاہ گھنی آبادی والے اضلاع کس صوبہ میں ہیں؟

(a) پنجاب (b) سندھ (c) بلوچستان (d) شمال جنوبی سرحدی صوبہ

سوال نمبر 10- پاکستان اپنا جنگی سامان کس ملک سے خریدتا ہے؟

(a) سعودی عرب (b) جرمنی (c) ایران (d) عراق

سوال نمبر 11- سمندروں سے تعلق نہ رکھنے والے الفاظ کا گروپ ہے۔

(a) تجارت، خوراک، بارشیں (b) آلودگی کا سدباب، تجارت، چھوٹے راستے
(c) سڑکیں، بحری راستے، ہوائی راستے (d) ہیرے جواھرات، معدنیات، سیروسیاحت

سوال نمبر 12- معاہدہ لکھنو میں مسلمانوں کے لئے اہم باتیں تھیں۔

(a) علیحدہ انتخاب کا اصول اور مسلم لیگ کا تسلیم کیا جانا (b) علیحدہ ملک کا اُصول اور نوکریوں کا تسلیم کیا جانا
(c) علیحدہ صوبہ کا اُصول اور علاقہ کا تسلیم کیا جانا (d) علیحدہ حکومت کا اُصول اور صوبہ کا تسلیم کیا جانا

سوال نمبر 13- گھریلو صنعتوں کی خصوصیات ہیں۔

(a) ہنر مند مزدور، فیکٹری، چینی کی پیداوار (b) بہت بڑی فیکٹری، بہت سے محکمہ جات، بیش قیمت اشیاء
(c) بہت سارے مزدور، ہنر مند مزدور، روزمرہ استعمال کی چیزیں (d) ذاتی مہارت، ذاتی محنت، روزمرہ استعمال کی چیزیں

سوال نمبر 14- نظام شمسی سے متعلقہ لسٹ ہے۔

(a) سورج، حرات اور زندگی (b) سورج، زمین اور سیارے
(c) سورج، شعاعیں اور حرارت (d) سورج، شعاعیں اور روشنی

سوال نمبر 15- گلہ بانی کی پیداوار سے متعلق جانوروں کے نام کی لسٹ ہے۔

(a) گھوڑوں، بھیڑوں، شیروں (b) بندروں، چیتوں، گدھوں
(c) بندروں، بھیڑوں، بکریوں (d) بکریوں، بھیڑوں، بھینسوں

سوال نمبر 16- سمندروں سے متعلقہ لسٹ ہے۔

(a) ایشیائی سمندر، بحیرۂ روم، بحیرۂ سندھ (b) بحر منجمد جنوبی، بحیرۂ آسٹریلیا، یورپی سمندر
(c) بحر منجمد شمالی، بحیرۂ چناب، بحرالکاہل (d) بحراوقیانوس، بحرالکاہل، بحر منجمد جنوبی

سوال نمبر 17- مون سون خطہ سے متعلقہ الفاظ کی فہرست ہے۔

(a) $0\text{-}5°$ شمالی اور جنوبی عرض بلد، یورپی روس، بہت زیادہ بارشیں (b) $5\text{-}30°$ شمالی اور جنوبی عرض بلد، بھارت، بہت زیادہ بارشیں
(c) $30\text{-}45°$ شمالی اور جنوبی عرض بلد، ملائیشیا، کم بارشیں (d) $30\text{-}45°$ شمالی اور جنوبی عرض بلد، چین، معتدل بارشیں

سوال نمبر 18- بھاری صنعتوں میں شامل ہیں۔

(a) ریلوے انجن، کاریں اور موٹر سائیکلیں (b) بجلی کی مشینیں، سکوٹر اور سائیکل
(c) ریلوے انجن، بجلی کی مشینیں اور ہوائی جہاز (d) سکوٹر، بسیں اور ٹرک

سوال نمبر 19- بیرونی تجارت میں اضافہ کے لئے ضروری عوامل ہیں۔

(a) اچھی سیرگاہیں، ذرائع آمدورفت اور انسانی وسائل (b) اچھی سیرگاہیں، ذرائع آمدورفت اور آدائیگیوں کا توازن
(c) فنڈز کی واپسی میں بہتری، قرضے اور مشینری (d) بنیادی ضروریات کی بہتر فراہمی، ضروری اشیاء اور طاقتی وسائل کی فراہمی

سوال نمبر 20- مارکوپولو سے تعلق رکھنے والے نکات ہیں۔

(a) ہوا باز، کرکٹر، بیجنگ (b) تاجر کا بیٹا، وینس، مشیر (c) تاجر، کھلاڑی، سازندہ (d) سیاح، فٹ بال کا کھلاڑی، وینس

Result.pk

سوال نمبر 21- بحیرہ روم کے خطہ کے ممالک ہیں۔

(a) پرتگال، جنوبی سپین، اٹلی (b) مصر، لیبیا، مراکو (c) اٹلی، لیبیا، مراکو (d) افریقہ، نائجیریا، سوڈان

سوال نمبر 22- محمڈن ایجوکیشنل کانفرس کو ظاہر کرنے والے نکات کی فہرست ہے۔

(a) 1904، محفوظ سیاسی حقوق، مسلم فلموں کا فروغ (b) 1905، غیر محفوظ سیاسی حقوق، مسلم ثقافت کا فروغ

(c) 1906، سیاسی حقوق کا تحفظ، مسلمانوں کے مفادات کا تحفظ/ترویج (d) 1907، سماجی حقوق کا تحفظ، مسلم آبادیوں کی حفاظت

سوال نمبر 23- ابنِ بطوطہ کے کارہائے نمایاں ہیں۔

(a) ایران اور عراق کا سفر، محمد تغلق سے ملاقات، ازبکستان کی سیر

(b) شمالی اور جنوبی امریکہ کا سفر، محمود غوری سے ملاقات، ازبکستان کی سیر

(c) سری لنکا اور بنگال کا سفر، بہادر شاہ ظفر سے ملاقات، ازبکستان کی سیر

(d) مصر اور شام کا سفر، جلال الدین سے ملاقات، ازبکستان کی سیر

سوال نمبر 24- شملہ معاہدہ کے نکات ظاہر کرنے والی لسٹ ہے۔

(a) 1940، اے وی الیگزینڈر، رکن کمیٹی (b) 1942، سرسٹیفورڈ کرپس، چیئرمین کمیٹی

(c) 1943، لارڈ پیتھک لارنس، چیف (d) 1945، لارڈ ویول، وائسرائے

سوال نمبر 25- قراردادِ پاکستان سے متعلقہ فہرست ہے۔

(a) فروری 1940ء، منٹو پارک، لاہور، علامہ اقبال (b) مارچ 1940ء، اقبال پارک، لاہور، قائداعظم

(c) اپریل 1940ء، ریس کورس، لاہور، لیاقت علی خان (d) مئی 1940ء، گلشن پارک، راولپنڈی، سرسید احمد خان

سوال نمبر 26- اُن علاقوں کی فہرست کا انتخاب کریں جن کو علامہ اقبالؒ نے ایک ریاست کے طور پر اکٹھا کرنے کی تجویز دی۔

(a) شمال مغربی سرحدی صوبہ، پوٹھوار، سندھ، بلوچستان (b) شمال مغربی سرحدی صوبہ، پنجاب، سندھ، بلوچستان

(c) شمال مغربی سرحدی صوبہ، تھر، فاٹا، پنجاب (d) تھر، فاٹا، چولستان، سندھ

سوال نمبر 27- کولمبس سے متعلقہ فہرست منتخب کریں۔

(a) نئی دنیا دریافت کی، تین چکر لگائے، بحرِ اوقیانوس کا سفر کیا (b) نیوزی لینڈ کو دریافت کیا، چار چکر لگائے، بحیرۂ روم کا سفر کیا

(c) نیا دور دریافت کیا، پانچ چکر لگائے، بحرِ ہند کا سفر کیا (d) نئی کشتی دریافت کی، چھ چکر لگائے، بحیرۂ احمر کا سفر کیا

سوال نمبر 28- اقوامِ عالم کے درمیان امن قائم کرنے کے لئے اقوام متحدہ کا کردار ہے۔

(a) خطرات کو پسند کرنا، انکو پھیلانا اور فنی مہارت مہیا کرنا

(b) آواز کو بلند کرنا، اسکی معاونت کرنا اور اسکے اداروں کے لئے رقوم مہیا کرنا

(c) آوازوں کا نوٹس لینا، ان پر پابندی لگانا اور سہولیات مہیا کرنا

(d) خطرات کا نوٹس لینا، تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں پر پابندی لگانا اور ثالث کا کردار ادا کرنا

سوال نمبر 29- کمپیوٹر ہماری مدد کرتا ہے۔

(a) دنیا کو گلوبل ویلج بنانے، ڈیزائن بنانے، فنڈز اکٹھا کرنے میں (b) ڈیزائن بنانے، فنڈز اکٹھا کرنے، گاڑیاں کھڑی کرنے میں

(c) گاڑیاں کھڑی کرنے، گلوبل ویلج بنانے، کپڑے دھونے میں (d) دنیا کو گلوبل ویلج بنانے، ڈیزائن بنانے، حساب کتاب کرنے میں

سوال نمبر 30- سورج گرہن کا سبب ہوتا ہے۔

(a) زمین کا سورج اور چاند کے درمیان آنا اور اسکا جھکاؤ (b) چاند کا سورج اور زمین کے درمیان آنا اور سورج کی روشنی

(c) سورج کا زمین اور چاند کے درمیان آنا اور حرارت (d) مشتری کا چاند اور زمین کے درمیان آنا اور اسکا مدار

سوال نمبر 31- کراچی شہر سے متعلقہ الفاظ کی فہرست ہے۔

(a) دارالحکومت، دریائے جمنا، لال قلعہ (b) دارالحکومت، دنیا کا سب سے زیادہ آبادی والا شہر، شمال مشرقی حصہ

(c) پرانا دارالحکومت، بحرِ ہند کا ساحل، دریائے سندھ (d) پاک شہر، بغیر درختوں کے بارانی سطح مرتفع، پرانا تجارتی راستہ

Result.pk

**سوال نمبر 32-** کپڑے کی صنعت زیادہ تر کن شہروں میں واقع ہے؟

(a) کراچی، گجرات، سیالکوٹ
(b) کراچی، فیصل آباد، کمالیہ
(c) فیصل آباد، چکوال، سرگودھا
(d) حافظ آباد، ننکانہ صاحب، جہلم

**سوال نمبر 33-** ابوریحان البیرونی سے متعلق الفاظ کی فہرست ہے۔

(a) کتاب الہند، محمود غزنوی کا مشیر، ریاضی دان
(b) ریاضی دان، امریکہ دریافت کیا، جنگی قیدی
(c) بہت ساری کتابیں تحریر کیں، چین کا سفر کیا، مصر
(d) جغرافیہ دان، جنگی قیدی، رسم و رواج کا مطالعہ

**سوال نمبر 34-** پاکستان کے معرض وجود میں آنے کی وجوہات کی فہرست ہے۔

(a) انگریزوں کا رویہ، سرکاری نوکریاں، زیادہ نمائندگی اور بلڈ بنک
(b) سکھوں کا رویہ، غیر سرکاری نوکریاں، عدم نمائندگی اور سیرگاہیں
(c) ہندوں کا رویہ، اہم حکومتی عہدے، کم نمائندگی، مذہب
(d) عیسائیوں کا رویہ، سرکاری نوکریاں، زیادہ نمائندگی اور دریاؤں کا مسلہ

**سوال نمبر 35-** یکم اکتوبر 1906ء کی اہمیت ہے۔

(a) لکھنو معاہدہ، لکھنو
(b) شملہ وفد، شملہ
(c) تاشقند معاہدہ، تاشقند
(d) سائمن کمیشن، ہندوستان

**سوال نمبر 36-** گلہ بانی کو بطور پیشہ لینے کی وجوہات ہیں۔

(a) زرخیز زمین، زیادہ بارشیں، جنگلات
(b) زمین کی نوعیت، موسمی حالات، وسائل کی عدم دستیابی
(c) زرخیز زمین، کم بارشیں، معدنیات کی عدم دستیابی
(d) بنجر زمین، کم درجہ حرارت، سڑکیں

**سوال نمبر 37-** انسان کے قدیم ترین پیشے ہیں۔

(a) تجارت، زراعت
(b) زراعت، صنعت
(c) زراعت، کان کنی
(d) گلہ بانی، زراعت

**سوال نمبر 38-** ایٹمی توانائی انسانوں کے لیے کن شعبوں میں مددگار ثابت ہوتی ہے؟

(a) غلہ بانی میں اضافے، زراعت، صنعتوں اور طب
(b) زراعت میں اضافے، صنعتی پیداوار، طب اور بجلی کی پیدوار
(c) آبادی میں اضافے، زراعت، طب اور جانوروں
(d) آمدن میں اضافے، جنگلات، سیروسیاحت، پرندے

**سوال نمبر 39-** تولیجی کونسل کے کام ہیں۔

(a) علاقے کی عام ترقی کا جائزہ لینا اور لوگوں کے عام حالات میں بہتری لانا
(b) سماجی انصاف، مزدوروں کے حالات بہتر بنانا اور انکے کام کے حالات کو بہتر کرنا
(c) بیماریوں کا تدارک، متعدی امراض پر قابو پانا اور تحقیق کی حوصلہ افزائی کرنا
(d) خوراک کی پیداوار میں اضافہ، اسکی تقسیم اور قیمتوں کا تعین کرنا

**سوال نمبر 40-** کس سال اقوام متحدہ کا ادارہ معرضِ وجود میں آیا؟

(a) 24 اکتوبر 1945ء
(b) 24 نومبر 1945ء
(c) 24 دسمبر 1945ء
(d) 24 جنوری 1945ء

Result.pk